کیری ڈیلانے
ایکٹنگ کمیشنر

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Office for People With Developmental Disabilities

اینڈریو ایم. کومو
گورنر

# حادثات کے بارے میں سیکھنا

مارچ 2017 کو دوبارہ جاری




## OPWDD کا نقصان سے تحفّظ فراہم کرنے کا عزم

OPWDD کا مشن ارتقائی معذور افراد کی خوشحال اور بہترین زندگی گزارنے میں مدد کرنا ہے. OPWDD نے ، جسٹس سنٹر برائے خصوصی ضروریات والے افراد کے تحفّظ، کے تعاون سے لوگوں کو نقصان سے تحفّظ کی خدمات مہیا کرانے کے لئے ضروریات اور نگرانی کا طریقہ کار قائم کیا ہے.

اس مشن کو سپورٹ کرنے کے لئے OPWDD اور اسکی فراہم کنندہ ایجنسیاں قوانین اور ضابطے جز 624، نیو یارک کوڈس ٹائٹل 14 (14 NYCRR Part 624) پر عمل کرتی ہے جو قانون OPWDD خدمات حاصل کرنے والے افراد کے تحفّظ کے لئے بنایا گیا ہے. جب کوئی شخص جو ان خدمات کو حاصل کر رہا ہو کسی حادثے کا شکار ہوتا ہے تو یہ قانون کئے جانے والے اقدامات کی نشاندھی کرتا ہے اور یہ بات پیج 2 " حادثات کی قسمیں" میں مذکور ہے. یہ قانون تمام خدمات مہیا کرانے والوں سے درج ذیل باتوں پر عمل کا مطالبہ کرتا ہے.

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسٹاف ناخوشگوار حادثات کو رپورٹ کریں جنہیں قابل رپورٹ حادثے اور قابل ذکر واقعات کہتے ہیں اور جو ان افراد کی صحت پر اثر انداز ہوتے ہیں.
- فوری علاج فراہم کریں اور ارتقائی معذور افراد جو کسی حادثے کا شکار ہوئے یا اس سے متاثر ہوئے انکی صحت، تحفّظ، اور عزت کی حفاظت کی جائے.
- اس بات کی تحقیق کریں کہ یہ حادثات بشمول بد سلوکی اور زخم، کیوں پیش آئے اور اسس قسم کے واقعات کے دوبارہ وقوع کو روکنے کے لئے اقدامات کریں.
- واقعات کے جانچ کی ایک کمیٹی قائم کریں جو خاص واقعات کی جآنچ کرے اور ٹرینڈ کا معائنہ کرے.
- اس قسم کے حادثات سے مستقبل میں بچنے کے لئے خاص طریقہ کار فروغ دیں اور مطلوب اسٹاف ٹریننگ اور نگرانی فراہم کرائیں.

یہ بروشر (کتابچہ) ، OPWDD کی حادثات سے متعلق توقعات کا سرسری جائزہ پیش کرتا ہے ، نیز ان لوگوں کی نیابت میں جنکو ہم خدمات فراہم کرتے ہیں ، کوالیفائڈ اشخاص اور دوسری شامل ایجنسیوں کے رول کی وضاحت کرتا ہے. اس قانون کی مکمّل مطلوبات کے لئے براہ کرم 14 NYCRR Part 624 کی طرف رجوع کریں.

http://www.opwdd.ny.gov/regulations_guidance/opwdd_regulations

### فہرست ٹیبل


| | |
|---|---|
| ایجنسیاں حادثات سے کس طرح نمٹتی ہیں | 2 |
| حادثات کی قسمیں | 2 |
| کیسے اور کب یہ جانکاری دستیاب ہے؟ | 3 |
| کس طرح ایک جانچ کرائی جاتی ہے. | 3 |
| کس طرح افراد کو نقصانات سے بچائیں اور انکی حمایت کریں . | 4 |

## حادثات سے ایجنسیاں کس طرح نمٹتی ہیں؟

حادثات کی رپورٹ، جانچ، ریکارڈ، یا جائزہ حادثات ریویو کمیٹی کے ذریعے ہی لیا جانا چاہیے. اور خدمات حاصل کرنے والے لوگوں کے مفاد کے تحفّظ کے لئے کام کرنا چا ہیے.

ہر فراہم کنندہ کے پاس درج ذیل حادثات کو OPWDD کو رپورٹ کرنے کے لئے ایک پراسیس (طریقہ کار) ہونا چاہیے:

- بد سلوکی اور عدم توجہی کے لائق رپورٹ واقعات.
- اہم قابل رپورٹ حادثات
- سنگین لائق ملاحظہ واقعات

چھوٹے قابل لحاظ واقعات اور دیگر ممکنہ مضر حالات جو رپورتیبل واقعات یا قابل لحاظ واقعات کے لیول تک نہیں پہنچتے انکو مینیج کرنے کے لئے بھی فراہم کنندہ کے پاس نظام ہونا چاہیے.

اس کے علاوہ کچھ حادثات نیو یارک اسٹیٹ جسٹس سینٹر فار پروٹیکشن اوف پیوپل وتھ اسپیشل نیڈس (Justice Center) کو رپورٹ کرنا چاہیے. جسٹس سنٹر خدمات حاصل کرنے والے ان افراد کی حفاظت کے لئے بنایا گیا ہے جو اسٹیٹ اجینسیوں بشمول OPWDD کے ذریعے چلائے جانے والے یا منظور شدہ سہولیات اور پروگرامس سے فایدہ اٹھاتے ہیں. رپورتیبل حادثات جو OPWDD سے منظور شدہ پروگرام یا سروسز میں واقع ہوتے ہیں جسٹس سنٹر نیز OPWDD کو رپورٹ کئے جاتے ہیں.

---

## حادثات کی قسمیں...

**عدم توجہی اور بد سلوکی کے رپورتیبل واقعات میں** جسمانی، جنسی، اور نفسیاتی بد سلوکی شامل ہے ساتھ ہی ساتھ دیگر ممنوعہ برتاؤ بھی مَثَلاً جان بوجھ کر نا مناسب طاقت کا استعمال اور عدم توجہی.

**اہم قابل رپورٹ حادثات** میں طبی غلطیاں شامل ہیں جس کے نتیجے میں برے اثرات، تنہائی کا استعمال، بدسلوکی، فرد کی گشمدگی، دم گھٹنے کے حادثات ہوتے ہیں.

**سنگین لائق ملاحظہ واقعات** میں حساس صورتحال اور زیر خدمت افراد کی موت شامل ہے.

**معمولی نوٹیبل حادثات میں** ایسے زخم اور چوٹیں شامل ہیں جس میں فرسٹ ایڈ سے زیادہ علاج مطلوب ہو، چوری، مالی استحصال ($15-$100) بھی شامل ہے.

---

بدسلوکی کے الزامات سے متعلق دیگر دستاویزات/ریکارڈ OPWDD 147, OPWDD 148 دیتے وقت فراہم کنندگان سے قانون کی رو سے ناموں کو یا ملازمین اور خدمات حاصل کرنے والے دیگر افراد سے متعلق جانکاریوں کو حذف کرنے کے لئے تصحیح، ترمیم، مطلوب ہے.

### کون نوٹس موصول کرنے اور حادثات کے بارے میں جانکاری حاصل

جوناتھن قانون کی رو سے کوالیفائیڈ افراد بشمول خدمات حاصل کرنے والے افراد کو خاص حادثات کے لئے نوٹیفائی کیا جایگا. پارٹ 624 ،جس میں جوناتھن لا نوٹیفکیشن شامل ہے ، کی رو سے تمام کوالیفائیڈ افراد کو سارے حادثات کے لئے نوٹیفائی کیا جائے گا.

کوالیفائیڈ افراد میں خدمات حاصل کرنے والا ایک فرد، اسکے قانونی سرپرست، یا ملوث والدین، شوہر یا بیوی یا بالغ بچّہ جو علاج کی رضامندی دینے کا مجاز ہو، شامل ہیں.

پارٹ یا جز 624 اس بات کا بھی متقاضی ہے کہ ایک شخص جو کوالیفائیڈ شخص کی تعریف پر نہیں اترتا ہے لیکن وہ خدمات حاصل کرنے والے شخص کے لئے بطور وکیل کام کرتا ہے، تو اسے بھی تمام حادثات کے متعلق جانکاری دی جاییگی.

کوالیفائیڈ افراد، وکیل اور صحافی حضرات حادثے کی جانکاری کے لئے درخواست دے سکتے ہیں.

Willowbrook طبقے کے ارکان کے نوٹیفکیشن کےلئے OPWDD کی اضافی ہدایات ہیں.

## جانچ کس طرح کنڈ کٹ کی جاتی ہے؟

- ہر رپورتیبل حادثے کی مکمل جانچ کی جانی چاہیے .
- تحقیق کرنے والا مختلف ذرایع سے معلومات جمع کرے اور ایک رپورٹ تیار کرے جس میں دلیل، نتائج اور توجیہات اجمالی ذکر ہو. بد سلوکی یا عدم توجہی کی رپورٹ کی صورت میں ، رپورٹ میں دلائل سے ثابت شدہ یا غیر ثابت شدہ نتیجے بھی شامل ہونگے.
- تحقیقاتی رپورٹ ایجنسی کی انسیڈنٹ ریویو کمیٹی فار ریویو کو جمع کی جاییگی. کمیٹی کو تحقیقاتی عمل کا جائزہ لینا اور نگرانی کرنا ہے ( سوائے اس وقت جب کیس جسٹس سنٹر یا OPWDD کی مرکزی آفس کے ذریعہ زیر جانچ ہو ) اور بعض حالات میں مزید جانچ کی تجویز بھی کر سکتی ہے.

## کیسے اور کب معلومات دستیاب ہے؟

- کوالیفائیڈ افراد، ایڈوکیٹ، اور نامہ نگار لوگ ٹیلی فون نوٹس موصول کرینگے کسی حادثے کی رپورٹ کے بعد. حادثے پر ڈسکس کرنے کے لئے ایجنسی کے ڈائریکٹر سے ملنے کا آفر بھی انھیں فراہم کیا جایگا.
- کوالیفائیڈ افراد اور ایڈوکیٹ جو کسی حادثے کی نوٹس رسیو کرتے ہیں اٹھایے گئے اقدامات ( OPWDD فارم 148) کی رپورٹ کمپلیٹ ہونے کے 10 دن کے اندر از خود موصول کرینگے.
- حادثے کی رپورٹ موصول کرنے والے کوالیفائیڈ افراد اور ایڈوکیٹ حادثے کی رپورٹ کی ایک کاپی کے لئے تحریری درخواست جمع کر سکتے ہیں اور درخواست کی جانے والی رپورٹ کی تصحیح شدہ کاپی درخواست کئے جانے کے 10 دن کے اندر انھیں موصول کر لینی چاہیے.
- کوالیفائیڈ افراد (اہل درخواست دھندہ پارٹ (624 رپورتیبل حادثات کے بارے میں اضافی معلومات مَثلاً تحقیقاتی رپورٹ کی درخواست بھی کرسکتے ہیں. یہ رپورٹ جسے کہ تصحیح شدہ ہونا چاہیے درخواست دہندگان کو فراہم کی جاتی ہے کسی حادثے کے بند ہونے کے 21 دن بعد یا اگر کوئی تحقیق پہلے ہی مکمل ہو چکی ہو تو درخواست کے 21 دن کے اندر.
- کسی تحقیق کے دستاویزات یا ریکارڈ کی تحریری درخواستیں حادثے کو رپورٹ کرنے والی ایجنسی کے نام روانہ کی جانی چاہییں.
- ماضی میں پیش آنے والے حادثات کی جانکاری کے لئے بھی درخواستیں دی جاسکتی ہیں. پارٹ 624 میں ٹائم فریم سے متعلق وہ ضرورتیں شامل ہیں جو ان درخواستوں پر منطبق ہوتی ہیں.
- قانون کی رو سے حادثات سے متعلق درخواست کئے گئے تمام دستاویزات اور ریکارڈ تصحیح شدہ ہونے چاہیے تاکہ حادثات میں شامل لوگوں کے نام اور شناختی معلومات ان لوگوں کے لئے دستیاب نہ ہو پاے جو حادثے کے متعلق جانکاری کی درخوست کرتے ہیں.

### ایک ایڈوکیٹ کس سے(بشمول کوالیفائیڈ شخص یا نامہ نگار) بات کر سکتا ہے فالو اپ کے لئے؟

ایک ایڈوکیٹ سوالات پوچھنے کے لئے آزاد ہے اس وقت جب وہ کسی حادثے کی نوٹس موصول کرتا ہے اور مزید معلومات کے لئے سپروائزر سے بات کرنے کی درخواست کر سکتا ہے. مزید براں ایڈوکیٹ ایجنسی ڈائریکٹر یا عھدیدار سے ملنے کی پیشکش قبول کر سکتا ہے.

مطمئن نہ ہونے پرایڈوکیٹ سوالات کر سکتا ہے یا ایجنسی ڈائریکٹر اور ہائی لیول آفیسر سے اپنی فکرمندی کا اظہر کرسکتا ہے.

ایک سرٹیفائیڈ پروگرام میں بد سلوکی یا نظر انداز کرنے کی رپورٹ کے لئے مینٹل ہائجین لیگل سروسز (MHLS) بھی ایک ذریعہ ہو سکتا ہے.

OPWDD انسیڈنٹ مینجمنٹ یونٹ بھی اہم مسائل کو حل کرنے میں مدد کرسکتی ہے. ان ایڈوکیٹ کے لئے جنہیں سروس دینے والی ایجنسیوں کے ذریعے درخواست شدہ حادثات کے ریکارڈ دینے سے منع کردیا گیا ہے ، ایک ایڈمنسٹریٹو اپیل سسٹم ہے.

مزید جانکاری کے لئے OPWDD انسیڈنٹس ریکارڈز اپیلز سے رابطہ کری
آفیسر, 44 Holland Avenue, Albany, NY 12229

Office for People With Developmental Disabilities

**اگر آپ ایک پبلک ممبر ہیں اور OPWDD سسٹم میں خدمات حاصل کر رہے کسی فرد کے ساتھ ہوئی بد سلوکی کو رپورٹ کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنے کے کئی طریقے ہیں:**

- اگر آپ فرد کو خدمات پہونچانے والی ایجنسی کے نام سے واقف ہیں تو آپ براہ راست اس ایجنسی سے بدسلوکی رپورٹ کرنے کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں.
- اگر کسی فرد کو خدمات پہنچانے والے کے بارے میں جانکاری نہیں ہے تو OPWDD کو آپ بد سلوکی رپورٹ کر سکتے ہیں. آپ مقامی حادثاتی شکایات آفیسر سے رابطہ کرنے کی معلومات کا استعمال کر سکتے ہیں جو OPWDD کی ویب سائٹ پر انسیڈنٹ مینجمنٹ یونٹ ویب پیج پر دستیاب ہے. انسیڈنٹ مینجمنٹ یونٹ میں ڈیوٹی کے علاوہ کے اوقات کے لئے بھی نمبر موجود ہے 1-888-479-6763.
- NYS جسٹس سنٹر برائے تحفّظ مخصوص ضرورتی افراد ، بد سلوکی، عدم توجھی اور OPWDD کے ذریعہ منظور شدہ یا چلائے جانے والے پروگرام اور سہولیات سے متعلق 24 گھنٹہ ہاٹ لائن 1-855-373 2122 چلاتی ہے.

نیو یارک اسٹیٹ
Office for People With Developmental Disabilities
Standing Committee on Incident Review
44 Holland Avenue
Albany, NY 12229

اس بروشر میں شامل معلومات کی وضاحت کے لئے رابطہ کریں:
OPWDD's
Standing Committee
on Incident Review.
opwdd.scir@opwdd.ny.gov

## افراد کو نقصان یا ضرر سے کس طرح محفوظ رکھیں...

*ٹیم میٹنگیں کوالیفائیڈ افراد، یا ایڈوکیٹ اور دوسرے ممبروں کے لئے چوٹ، زخم اور بالخصوص وہ زخم جو بار بار لگتے ہوں یا نا قابل بیان ہوں، کی وکالت کے لئے مفید فورم کا انتظام کرتی ہیں.*

کوالیفائیڈ شخص یا ایڈوکیٹ اور سروس فراہم کرنے والے کو فرد کی بہترین اور محفوظ خدمت کو یقینی بنانے کے لئے ایک ساتھ کام کرنا چاہیے. یہ پارٹنر شپ اس میٹنگ میں شروع ہو سکتی ہے جسمیں سروس اور سپورٹ کے لئے فرد کے شخصی پلان پر نظر ڈالی جاتی ہے اور اسی وقت یہ ٹیم بشمول کوالیفائیڈ شخص اور ایڈوکیٹ تحفظات اور مداخلات پر ڈسکس کر سکتے ہیں جو کہ مطلوب ہو سکتے ہیں. اس قسم کے تحفّظات میں ضرورت ہوتی ے کہ وہ شخصی ہوں یا اس شخص سے مخصوص ہوں.

خاص طور پر اس وقت جب کہ غیر واضح زخم دوبارہ لگے ، کوالیفائیڈ شخص یا ایڈوکیٹ اس بات کے مجاز ہیں کہ وہ فرد کو مشابہ نوعیت کی صورت حال کے دوبارہ پیش آنے سے بچانے کے لئے کون سے اقدام کئے جارہے ہیں. دریں اثنا مطلوبہ اقدامات کی پیش بندی ہمیشہ ممکن نہیں ہے کیونکہ وہ اس حادثے کے ساتھ مخصوص ہو سکتا ہے. ڈسکسن کے ممکنہ موضوعات میں درج ذیل باتیں شامل ہو سکتی ہیں.

- فرد کے انداز یا طور طریق میں تبدیلی
- فرد کے دن اور ہفتے کی ہم آہنگی اور با قاعدگی
- ایڈاپٹیو ایکوئپمنٹ میں تبدیلی یا ممکنہ ضرورت کا استعمال
- کوئی قابل توجہ جسمانی یا صحتی پریشانی
- ایسی مداخلات یا حمایت کی تلاش جو مطلوب اور معاون ہو
- احتساب بشمول صحتی تشخیص
- نگرانی کا لیول
- اسٹاف ٹریننگ اور مکرر ٹریننگ کی کوششیں
- رہائشی یا خدماتی ماحول کے حالات